**فوری ریلیز کے لیے: 15/11/2022** **گورنر KATHY HOCHUL**

## گورنر HOCHUL نے وفاقی ہاؤسنگ اور بنیادی ڈھانچہ گرانٹس کی مد میں 33$ ملین کا اعلان کیا ہے

### نیویارک بھر میں میونسپلٹیز کے لیے 54 ایوارڈز بنیادی طور پر کم اور اوسط آمدنی والے مکینوں کے لیے ہاؤسنگ اور عوامی پانی کی سہولیات کو اپ گریڈ کے لیے مالی اعانت فراہم کریں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ فنڈ میں 33$ ملین سے زیادہ کی رقم درجنوں میونسپلٹیز کو مقامی بنیادی ڈھانچے کی بہتریوں اور ہاؤسنگ نو آباد کاری کے پروجیکٹس کے لیے دی گئی ہے۔ گرانٹس کو بنیادی طور پر کم اور اوسط آمدنی کے حامل مکینوں کے لیے مناسب قابلِ استطاعت ہاؤسنگ اور رہنے کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنے میں کمیونٹیز کی مدد کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

"قابلِ استطاعت ہاؤسنگ کی تعمیر، عوامی پانی کی سہولیات کو بڑھانے اور مقامی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی خاطر بہتریوں میں معاونت دیتی، یہ فنڈنگ پورے نیویارک میں مضبوط، مزید مزاحمت پذیر گردونواح کی بنیاد رکھے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہمارے عوامی بنیادی ڈھانچے میں یہ اہم سرمایہ کاریاں نیویارک کے باشندوں کو محفوظ، مستحکم ہاؤسنگ اور قابلِ استطاعت سہولیات فراہم کرنے میں مدد دے گی جبکہ کاروباری اداروں کو ترقی اور پھلنے پھولنے کی اجازت دے گی، اور ہماری ریاست کے لیے اس اہم فنڈنگ کو حاصل کرنے کے لیے میں نیویارک کے کانگریسی وفد کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ پروگرام ایک وفاقی طور پر فنڈ کردہ پروگرام ہے جو ریاست نیویارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (New York State Homes and Community Renewal) کے زیر انتظام ہے جو کاؤنٹیز، شہروں، قصبوں اور دیہاتوں کو ایسے پروجیکٹس میں مدد دیتا ہے جو کمیونٹیز کو بہتر بناتے ہیں اور ریاست بھر کے رہائشیوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔

کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ ہاؤسنگ گرانٹس کا استعمال مالک کے زیر قبضہ یا کرایہ داروں کے زیر قبضہ گھروں کی بحالی نو کے لیے، کم اور درمیانی آمدنی والے پہلی بار گھر خریدنے والوں کے لیے ڈاؤن پیمنٹ کی امداد، اور کم اور اوسط درجے کی آمدن کے گھر مالکان کے لیے نجی پانی/آآلودہ پانی سسٹم کی امداد کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ 2022 کے لیے، گھروں اور کمیونٹی کی تجدید نو نے 24 مکانات کی بحالی نو، تیار شدہ ہاؤسنگ، اور کنویں اور سیپٹک پروجیکٹس کے لیے 10.4$ ملین وقف کیے ہیں۔ مجوزہ بہتریوں سے کل 301 گھرانوں کے مستفید ہونے کا امکان ہے۔

کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ عوامی بنیادی ڈھانچے اور کمیونٹی منصوبہ جاتی گرانٹس کا استعمال عوامی پانی، عوامی گٹر، سیلابی پانی کے گٹر اور سیلاب کی نکاسی میں بہتریوں کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ 2022 کے لیے، گھروں اور کمیونٹی کی تجدید نو نے 21 عوامی پانی، عوامی گٹر، اور عوامی سہولت کے پروجیکٹس کے لیے 23$ ملین سے زائد، اور کمیونٹی کی منصوبہ بندی کے نو پروجیکٹس کے لیے مزید 445,000$ عطا کیے ہیں۔

ایوارڈز کے مختصر بیان میں شامل ہیں:

- اوسویگو کاؤنٹی میں کانسٹینٹیا قصبہ جو اونیڈا جھیل کے قریب واقع ایک بوسیدہ اور ناکافی سیپٹک نظام سے دوچار ہے۔ ریاست نیویارک کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ کا 1.25$ ملین کا ایوارڈ کانسٹینٹیا برن ہارڈز بے سیور ڈسٹرکٹ میں بہتریوں کے لیے فنڈز فراہم کرے گا، جس میں گندے پانی کی صفائی کا ایک جدید ترین پلانٹ شامل ہو گا۔
- لیونگسٹن کاؤنٹی ریاست نیویارک کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ فنڈز کی مد میں 550,000$، کاؤنٹی کے اندر کچھ انتہائی دیہی مقامات پر واقع نجی، ڈیڈ کے حامل لاٹس پر، چار موجودہ تیار شدہ مکانات کی تبدیلی کے لیے استعمال کرے گی۔ یہ پروجیکٹ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ رہائشیوں کو رہائش کے لیے مہذبانہ، محفوظ اور حفظان صحت سے مزین حالات میسر ہوں۔
- ہرکائمر اور فرینکفرٹ کے گاؤں میں سے ہر ایک، ہرکائمر کاؤنٹی کی کمیونٹیز میں پینے کے پانی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے علاقائی منصوبے کے حصے کے طور پر کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ فنڈنگ امداد کی مد میں 1.25$ ملین استعمال کرے گا۔ فنڈز کا استعمال ہر کمیونٹی کے پینے کے پانی کے بنیادی ڈھانچے کے مسائل کو حل کرنے کے لیے کیا جائے گا، جس میں لیڈ سروس لائنوں اور آلودہ پانی کے مین پائپ کی تبدیلی، نئے ہائیڈرنٹس اور گیٹ والوز کی تنصیب، موجودہ کنوؤں کی دوبارہ تعمیر، اور پمپ اسٹیشنوں کی بہتریاں شامل ہیں۔
- اوٹسیگو کاؤنٹی کا اونونٹا شہر کم سے اوسط آمدنی والے گھرانوں کے لیے 30 نکاسی آب کی سروس کے ملحقہ جات کو تبدیل کرنے کے لیے ریاست نیویارک کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ فنڈز میں 200,000$ سے زائد استعمال کرے گا، جس میں 22 یک خاندانی مالک کے زیر قبضہ پراپرٹیز اور ایک سے چار یونٹ کی حامل آٹھ انکم پراپرٹیز شامل ہیں جن میں 20 یونٹس متفرق مقامات پر موجود ہیں۔

**گھروں اور کمیونٹی کی تجدید نو کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ ایوارڈز میں اپنے 33$ ملین کے ذریعے، ہم مقامی سطح پر اپنے شراکت داروں کی جانب سے ترجیحی پروجیکٹس کو فنڈ دے کر پورے نیویارک میں کمیونٹیز کو تبدیل کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ اہم بات، یہ انتہائی ضروری بہتریاں نیویارک کے کم اور اوسط آمدن باشندوں کو براہ راست فائدہ پہنچائیں گی اور ریاست بھر جاری تعمیر نو اور مزاحمت پذیری کی کوششوں میں اضافہ کریں گی۔"

**سینیٹر Chuck Schumer نے کہا،** "مجھے دارالحکومتی علاقے سے مغربی نیویارک تک ہاؤسنگ اور بنیادی ڈھانچے میں طویل التواء، معیشت کو فروغ دینے والی سرمایہ کاریاں کرنے کے لیے وفاقی فنڈ میں یہ 33$ ملین فراہم کرنے پر فخر ہے۔ جب میں نے COVID ریلیف قانون سازی پر گفت و شنید کی، تو میں نے CDBG پروگرام کے لیے اضافہ شدہ معاونت حاصل کی کیونکہ یہ بالائی ریاست نیویارک کو اچھی تنخواہ والی ملازمتیں تخلیق کرنے، ضروری سروسز فراہم کرنے، اور ہمارے انتہائی زدپذیر طبقات کو معاونت دینے میں حقیقی نتائج فراہم کرتا ہے۔ یہ وفاقی فنڈنگ ہماری اقتصادی بحالی کو تیز کرنے میں مدد دے گی اور نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے روشن مستقبل کی بنیاد رکھے گی۔"

**نمائندے Adriano Espaillat نے کہا،** "میں کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹس کے اس تازہ ترین بیچ پر گورنر Hochul کے اقدام کی ستائش کرتا ہوں جو میں نے نیویارک میں ضروری بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کی خاطر حاصل کرنے میں مدد دی۔ مناسب قابلِ استطاعت ہاؤسنگ اور صاف پانی نیویارک کے تمام باشندوں کا حق ہے، اور کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ پروگرام مضبوط تر، مزید مزاحمت پذیر کمیونٹیز کی تعمیر کے ذریعے نیویارک کے محنت کش طبقے کی زندگیوں کو بہتر بنانے میں ایک اہم ذریعہ ثابت ہوا ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Brian Kavanagh نے کہا،** "مجھے نیویارک کے باشندوں کے لیے ہاؤسنگ میں بھاری سرمایہ کاریاں کرنے اور وفاقی فنڈز کی مؤثر مختص رقم سمیت، اہم بنیادی ڈھانچے فراہم کرنے کے لیے ریاستی بجٹ سازی میں مقننہ میں گورنر Kathy Hochul اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ شامل ہونے پر فخر ہے، اور میں گورنر اور کمشنر RuthAnne Visnauskas کی تعریف کرتا ہوں کہ انہوں نے ریاست نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے یہ اہم امداد حاصل کرنے میں مدد دی۔ یہ گرانٹس کم اور متوسط آمدنی والے رہائشیوں کو گھر کی ملکیت کو برقرار رکھنے اور ان کے گھروں کی ضروری مرمتوں اور حفاظتی اپ گریڈز میں مدد دینے کے لیے ایک طویل دورانیے تک موجود رہیں گی۔ بنیادی ڈھانچوں میں بہتریوں کے اقدامات کے نتیجے میں محفوظ اور مزید مطلوبہ رہائشی حالات

پیدا ہوں گے۔ میں ان ایوارڈز کے وصول کنندگان میونسپلٹیز اور عوامی پانی کی سہولت گاہوں کو مبارکباد دیتا ہوں اور قابلِ استطاعت ہاؤسنگ کے مواقع تخلیق کرنے اور ان کے تحفظ کے لیے ان کے جاری عزم کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

**<u>ایوارڈز کی مکمل فہرست</u>**

**دارالحکومتی ضلع (95,500$ وقف کیے گئے)**

- واشنگٹن کاؤنٹی میں فورٹ ایڈورڈ گاؤں ریاست نیویارک کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ فنڈنگ میں 48,000$ استعمال کر کے تاریخی فورٹ کے گردونواح کے تاریخی انجینئرنگ جائزے کو مکمل کرے گا۔
- سراٹوگا کاؤنٹی میں مکینک ویل شہر ریاست نیویارک کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ فنڈز میں 47,500$ استعمال کر کے ایک انجینئرنگ رپورٹ تخلیق کرے گا جس میں شہر کے طوفانی پانی کے بنیادی ڈھانچے سے متعلق مسائل کو درج ہوں گے۔

**مرکزی نیویارک (4$ ملین وقف کیے گئے)**

- کورٹ لینڈ کاؤنٹی میں کورٹ لینڈ شہر متفرق بنیادوں پر موجود 16 یونٹس کے ساتھ 30 یک خاندانی مالک کے زیر قبضہ پراپرٹیز اور سات انکم پراپرٹیز کے لیے پانی اور گٹر کے ملحقہ نکاسی آب کے نظام کو تبدیل کرنے کے لیے 500,000$ استعمال کرے گا۔
- اوسویگو کاؤنٹی میں اورویل کا قصبہ 1.25$ ملین استعمال کر کے قصبے کے واٹر ڈسٹرکٹ کو بہتر بنانے گا۔
- کایوگا کاؤنٹی میں ویڈزپورٹ گاؤں 1$ ملین استعمال کر کے گاؤں کے پینے کے پانی کے نظام کو بہتر بنائے گا۔

**فنگر لیکس (3.65$ ملین وقف کیے گئے)**

- اورلینز کاؤنٹی میں البیون گاؤں 1.25$ ملین استعمال کر کے اپنے واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ میں بہتری لائے گا۔
- وائین کاؤنٹی میں موجود کلائیڈ گاؤں، گاؤں کے پانی کی موجودہ فراہمی کو پورا کرنے اور پانی کی قابل اعتماد سروس کو یقینی بنانے کے لیے کنویں کے ایک نئے ذریعے کی تعمیر کو آگے بڑھانے کے لیے انجینئرنگ رپورٹ تیار کرنے کے لیے 50,000$ کا استعمال کرے گا۔
- اورلینز کاؤنٹی میں واقع مدینہ گاؤں اپنے پینے کے پانی کے نظام کا جائزہ مکمل کرنے کی خاطر 50,000$ استعمال کرے گا۔
- سینیکا کاؤنٹی میں روMولس قصبہ ویل لارڈ واٹر ڈسٹرکٹ کی بہتری کے اقدامات کے لیے 1.25$ ملین استعمال کرے گا۔
- سینیکا کاؤنٹی کا گاؤں واٹر لو 14 کم آمدنی والے مکان مالکان کو ہاؤسنگ کی بحالی نو میں امداد فراہم کرنے کی خاطر 500,000$ استعمال میں لائے گا۔

**مڈ ہڈسن (2.7$ ملین وقف کیے گئے)**

- السٹر کاؤنٹی میں واقع نیو پالٹز گاؤں 860,000$ سے زائد استعمال کر کے گاؤں کے سینیٹری سیور سسٹم میں بہتریاں لائے گا۔
- السٹر کاؤنٹی میں واقع قصبہ السٹر، اسپرنگ لیک سینیٹری سیور ضلعے میں بہتری کے اقدامات کے لیے 995,000$ استعمال کرے گا۔
- السٹر کاؤنٹی میں واقع واورسنگ قصبہ کرہونکسن سیور ڈسٹرکٹ میں بہتری کے اقدامات کے لیے 874,000$ استعمال کرے گا۔

**موہاک ویلی (7.3$ ملین وقف کیے گئے)**

- اوٹسیگو کاؤنٹی میں موجود ایڈمسٹن قصبہ ایڈمسٹنز واٹر ڈسٹرکٹ کے ہیملٹ (چھوٹی بستی) میں بہتریوں کے لیے 1.25$ ملین استعمال کرے گا۔
- مونٹگومری کاؤنٹی میں فورٹ پلین کا گاؤں اپنے سیور سسٹم میں بہتریوں کے لیے انجینئرنگ رپورٹ تیار کرنے کے لیے 50,000$ استعمال کرے گا۔
- گلوورزویل شہر فلٹن کاؤنٹی میں واقع گلوورزویل سینئر سینٹر کی انجینئرنگ کی تحقیق مکمل کرنے کے لیے 50,000$ استعمال کرے گا۔
- اونیڈا کاؤنٹی میں مارشل کا قصبہ مالکان کے زیر قبضہ 13 پراپرٹیز کو متفرق مقامات پر موجود ہونے کی بنیاد پر ہاؤسنگ کی بحالی نو میں مدد فراہم کرنے کے لیے 500,000$ استعمال کرے گا۔
- اوٹسیگو کاؤنٹی میں اوٹیگو گاؤں اپنے پینے کے پانی کے نظام میں بہتریوں کے لیے 1.25$ ملین استعمال کرے گا۔
- اوٹسیگو کاؤنٹی ملفورڈ قصبے میں ARC رہائشی اسکول کیمپس میں سیکیورٹی اپ گریڈز کے ساتھ اسپرنگ بروک ARC کی امداد کے لیے 300,000$ استعمال کرے گی۔
- اونیڈا کاؤنٹی میں ویرونا کا قصبہ ویرونا واٹر ڈسٹرکٹ ایکسٹینشن نمبر 3 میں بہتریوں کے لیے 1.25$ ملین استعمال کرے گا۔

**شمالی ملک (4.6$ ملین وقف کیے گئے)**

- ایسیکس کاؤنٹی میں چیسٹر فیلڈ کا قصبہ، قصبے کے اندر کم سے اوسط آمدن کے حامل پانچ مکان مالکان کو ہاؤسنگ کی بحالی نو میں مدد فراہم کرنے کے لیے 250,000$ استعمال کرے گا۔
- ایسیکس کاؤنٹی، کاؤنٹی میں متفرق مقامات پر واقع تقریباً چھ کم اور اوسط آمدنی کے حامل مالکان کے زیر قبضہ گھروں کو ہاؤسنگ کی بحالی نو میں مدد فراہم کرنے کے لیے 450,000$ استعمال کرے گی۔
- جیفرسن کاؤنٹی میں ہینڈرسن کا قصبہ سیور ڈسٹرکٹ نمبر 1 میں بہتریوں کے اقدامات کے لیے 1.25$ ملین استعمال کرے گا۔
- سینٹ لارنس کاؤنٹی میں ہرمون کا قصبہ ٹاؤن واٹر ڈسٹرکٹ نمبر 1 میں بہتریوں کے اقدامات کے لیے 1.25$ ملین استعمال کرے گا۔
- ایسیکس کاؤنٹی میں جے کا قصبہ، ٹاؤن کمیونٹی سینٹر میں ADA تک رسائی میں بہتریاں لانے کے لیے 298,000$ استعمال کرے گا۔
- ایسیکس کاؤنٹی میں لیوس کا قصبہ تقریباً چھ کم سے اوسط درجے کی آمدنی کے حامل مکان مالکان کو ہاؤسنگ کی بحالی نو میں امداد فراہم کرنے کے لیے 383,000$ استعمال کرے گا۔
- فرینکلن کاؤنٹی میں مویرا کا قصبہ کم سے اوسط آمدنی کے حامل نو مکان مالکان کو ہاؤسنگ کی بحالی نو میں مدد فراہم کرنے کے لیے 500,000$ استعمال کرے گا۔
- کلنٹن کاؤنٹی میں شیولر فالز کا قصبہ کم سے اوسط آمدنی کے حامل پانچ مکان مالکان کو ہاؤسنگ کی تعمیر نو میں مدد فراہم کرنے کی خاطر 250,000$ استعمال کرے گا۔

**جنوبی سلسلہ (5.3$ ملین وقف کیے گئے)**

- چینانگو کاؤنٹی کم سے اوسط آمدنی کے حامل 14 یک خاندانی گھرانوں کو ہاؤسنگ کی بحالی نو فراہم کرنے کے لیے 500,000$ استعمال کرے گی۔
- ٹومپکنز کاؤنٹی میں ڈینبی کا قصبہ کم سے اوسط آمدنی کے حامل 14 مکان مالکان کے لیے ہاؤسنگ کی بحالی نو میں امداد فراہم کرنے کے لیے 500,000$ استعمال کرے گا۔
- سٹیوبن کاؤنٹی میں ہارنل کا شہر سرمایہ آب کے نظم کے منصوبے کو مکمل کرنے کے لیے 50,000$، اور شہر کے گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ میں بہتریوں کے لیے 1,250,000$ استعمال کرے گا۔

- بروم کاؤنٹی میں لیسل کا قصبہ کم سے اوسط آمدنی کے حامل آٹھ مکان مالکان تک کے لیے رہائش کی بحالی نو میں امداد فراہم کرنے کے لیے $275,000 استعمال کرے گا، اور کم سے اوسط آمدنی والے مالکان کے زیر قبضہ پانچ غیر معیاری تیار شدہ مکانات کو تبدیل کرنے کے لیے $475,000 استعمال کرے گا۔
- ٹومپکنز کاؤنٹی میں نیوفیلڈ کا قصبہ بنیادی طور پر کم آمدن کے گھرانوں کے زیر قبضہ 19 رہائشی املاک کی امداد کے لیے $298,000 استعمال کرے گا تاکہ ان کے سیپٹک ٹینکس اور ملحقہ نکاسی آب کی سپلائی لائنوں کو تبدیل کیا جا سکے۔
- سٹیوبن کاؤنٹی کم سے اوسط آمدنی کے حامل 13 گھرانوں تک کو خراب سیپٹک سسٹمز کو تبدیل کرنے میں مدد دینے کے لیے $198,000 استعمال کرے گی۔
- شیولر کاؤنٹی میں واٹکنز گلین کا گاؤں اپنے کلوٹ پارک پمپ اسٹیشن کی تبدیلی ( Clute Park Pump Station Replacement) اور فورس مین روٹ کے لیے گندے پانی کی منصوبہ جاتی تحقیق مکمل کرنے کے لیے $50,000 کا استعمال کرے گا۔
- ٹیوگا کاؤنٹی میں ویورلی گاؤں، گاؤں کے پانی کی تقسیم کے نظام میں بہتریوں کے لیے $1.25 ملین اور کم سے اوسط آمدنی کے حامل 13 مکان مالکان کو مدد فراہم کرنے کے لیے $500,000 استعمال کرے گا۔

**مغربی نیویارک ($6.1 ملین وقف کیے گئے)**

- ایلیگینی کاؤنٹی میں اینڈوور کا قصبہ کم سے اوسط آمدنی کے حامل 13 گھرانوں کی ضروری ہاؤسنگ کی بحالی نو میں مدد کے لیے $500,000 استعمال کرے گا۔
- کیٹاروگس کاؤنٹی، کیٹاروگس کاؤنٹی بھر میں کم آمدنی والے مالک مکانوں کے کنوؤں، سیپٹک، اور ملحقہ نکاسی آب کی سپلائی لائن کی تبدیلی میں مدد فراہم کرنے کے لیے $400,000 استعمال کرے گی، اور چار موجودہ، لمبائی کے رخ پر بنے چھوٹے گھروں کو نئے انرجی اسٹار ریٹیڈ لمبائی کے رخ تیار شدہ گھروں سے تبدیل کرنے کے لیے $600,000 استعمال کرے گی۔
- چوٹوقوا کاؤنٹی میں سیلورون گاؤں کم آمدنی کے حامل مکان مالکان کو ہاؤسنگ کی بحالی نو میں مدد فراہم کرنے کے لیے $500,000 استعمال کرے گا۔
- چوٹوقوا کاؤنٹی میں ایلنگٹن کا قصبہ تعمیر شدہ ہاؤسنگ کی تبدیلی کے پروگرام کے لیے $700,000 استعمال کرے گا۔
- ایلیگینی کاؤنٹی میں فرینڈشپ قصبہ پانی کے جامع نظام کی ابتدائی انجینئرنگ رپورٹ کو مکمل کرنے کے لیے $50,000 استعمال کرے گا۔
- ایلیگینی کاؤنٹی میں انڈیپینڈنس قصبہ کم سے اوسط آمدنی کے حامل 11 گھرانوں کی اہم ہاؤسنگ ضروریات میں مدد کے لیے $400,000 استعمال کرے گا۔
- کیٹاروگس کاؤنٹی میں لٹل ویلی کا گاؤں اپنے پینے کے پانی کے نظام میں بہتری کے اقدامات کے لیے $1.25 ملین استعمال کرے گا۔
- چوٹوقوا کاؤنٹی میں سلور کریک کا گاؤں کم آمدنی کے حامل مکان مالکان کو ہاؤسنگ کی بحالی نو میں مدد فراہم کرنے کے لیے $500,000 استعمال کرے گا۔
- گاؤں جنونی ڈیٹن کیٹاروگس کاؤنٹی گاؤں کے سینیٹری سیور سسٹم میں بہتری کے لیے $1.25 ملین استعمال کرے گا۔

ریاست نیویارک کمیونٹی ترقیاتی بلاک گرانٹ پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، گھر اور کمیونٹی کی تجدید نو کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418